ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

پاکستانی کرکٹ ٹیم آسٹریلیا میں ٹیسٹ سیریز کھیلے گی۔

لاہور۔پاکستانی کرکٹ ٹیم اس سال کے اواخر میں آسٹریلیا کا دورہ کرے گی جہاں وہ تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز کھیلے گی۔یہ سیریز جو بینو قادر ٹرافی کے نام سے کھیلی جائے گی تیسری ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا حصہ ہوگی۔

پاکستانی ٹیم دورے کا آغاز چار روزہ وارم اپ میچ سے کرے گی۔

تینوں ٹیسٹ میچز پرتھ۔میلبرن اور سڈنی میں کھیلے جائیں گے۔

دورے کا پہلا ٹیسٹ چودہ دسمبر سے پرتھ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔

یہ پہلا موقع ہوگا کہ پاکستانی ٹیم اس گراؤنڈ میں ٹیسٹ کھیلے گی اس سے قبل پاکستانی ٹیم پرتھ کے مشہور واکا گراؤنڈ میں ٹیسٹ میچز کھیلتی رہی ہے۔

سیریز کا دوسرا ٹیسٹ جو باکسنگ ڈے ٹیسٹ کے طور پر مشہور ہے چھبیس دسمبر سے میلبرن کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلا جائے گا۔

سیریز کا تیسرا اور آخری ٹیسٹ تین جنوری 2024 سے سڈنی کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلا جائے گا۔

پاکستانی ٹیم میلبرن اور سڈنی میں دو دو ٹیسٹ میچز جیت چکی ہے۔

یہ کپتان بابراعظم کا آسٹریلیا کا تیسرا ٹیسٹ ٹور ہوگا۔اس سے قبل وہ دسمبر 2016 میں مصباح الحق اور نومبر 2019 میں اظہر علی کی قیادت میں آسٹریلیا میں ٹیسٹ کھیل چکے ہیں۔

بابراعظم آسٹریلیا میں ابتک پانچ ٹیسٹ میچوں میں 278 رنز بنا چکے ہیں جس میں برسبین ٹیسٹ میں بنائی گئی سنچری قابل ذکر ہے اس کے علاوہ انہوں نے ایڈیلیڈ ٹیسٹ میں 97 رنز کی اننگز کھیلی تھی۔

فاسٹ بولر نسیم شاہ نے 2019 میں برسبین میں اپنا پہلا ٹیسٹ کھیلا تھا جس کے بعد سے وہ تینوں فارمیٹس میں 42 میچوں میں 80 وکٹیں حاصل کرچکے ہیں۔

پاکستانی ٹیم نے آخری بار آسٹریلیا کا دورہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے سلسلے میں کیا تھا جس کا اس نے فائنل کھیلا تھا۔

آسٹریلیا اور پاکستان کے اسپنرز رچی بینو اور عبدالقادر کے نام سے بینو قادر ٹرافی کا آغاز 2022 میں ہوا تھا جب آسٹریلوی ٹیم نے سولہ سال کے وقفے کے بعد پاکستان کا دورہ کیا تھا اور ٹیسٹ سیریز پیٹ کمنز کی قیادت میں ایک صفر سے جیتی تھی۔

آسٹریلیا پاکستان ٹیسٹ سیریز کا شیڈول۔

14 سے 18 دسمبر۔ پہلا ٹیسٹ پرتھ اسٹیڈیم۔

26 سے 30 دسمبر۔ دوسرا ٹیسٹ میلبرن کرکٹ گراؤنڈ۔

3 سے 7 جنوری۔ تیسرا ٹیسٹ۔ سڈنی کرکٹ گراؤنڈ۔

-ENDS-


Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk



Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial